


22 رمضان المبارک
افطار 6:37
23 رمضان المبارک
ختم سحری 5:22
افطار 6:37

58th Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 71 | صفحات: 08 | ۱۲مارچ۲۰۲۶بروز جمعرات بمطابق ۲۲رمضان ۱۴۴۷ | Thursday 12th March 2026 | جلد نمبر 58




### یمال نے بارسلونا کو شکست سے بچایا

لامین یمال نے میچ کے آخری لمحات میں پنالٹی پر گول کر کے بارسلونا کو نیو کیسل یونائیٹڈ کے خلاف یقینی شکست سے بچالیا۔ چیمپئنز لیگ کے راؤنڈ آف ۱۶ کے پہلے مرحلے کے سینٹ جیمز پارک میں کھیلے گئے اس میچ میں مقامی تماشائی جیت کی امید لگائے بیٹھے تھے جب میچ کے ۸۶ ویں منٹ میں ہاروی بارنز نے شاندار گول کر کے نیو کیسل کو برتری دلائی۔(تفصیلات اندر)


DIPK-11663/25
Dated: 11/03/2026

NASHA MUKT JAMMU KASHMIR ABHIYAAN
Strong Youth, Strong Nation.
Take e-Pledge on https://nashamuktjk.org
Say No to Drugs



National Toll-free Deaddiction Helpline 14446
Department of Information & Public Relations, J&K
@informationprjk | Information & PR, J&K | @diprjk | @dipr_jk


# پیٹرولیم سیکٹر کو بڑھانا خود انحصار ہندوستان کیلئے ضروری ہے/ وزیر اعظم

## ہندوستان مصنوعی ذہانت (AI) اور سیمی کنڈکٹر کے شعبوں میں تیزی سے ترقی کر رہا ہے




سرینگر/ وزیر اعظم نریندر مودی نے بدھ کے روز پیٹرولیم سیکٹر کی توسیع کو خود کفیل ہندوستان بنانے کے لیے ضروری قرار دیا۔ وہ بدھ کو بھارت پیٹرولیم کارپوریشن لمیٹڈ (بی پی سی ایل) کی کوچی ریفائنری میں پولی پروپیلین یونٹ سمیت تقریباً 10,800 کروڑ روپے کے متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھا۔ اس پروجیکٹ میں سرمایہ کاری 5500 کروڑ روپے سے زیادہ ہے۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق ایرناکولم میں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے پی ایم مودی نے کہا، "ہندوستان کو خود کفیل بنانے اور میک ان انڈیا کے لیے پیٹرولیم سیکٹر کو بڑھانا بہت ضروری ہے۔ آج کوچی ریفائنری میں پولی پروپیلین یونٹ کے پیچھے یہی مقصد ہے۔ ہر سال، یہ تقریباً چار لاکھ ٹن پولی پروپلین پیدا کرے گا۔ انہوں نے کہ ہندوستان مصنوعی ذہانت (AI) اور سیمی کنڈکٹر کے شعبوں میں تیزی سے ترقی کر رہا ہے، انہوں نے مزید سبز اور صاف توانائی کے استعمال پر زور دیا۔ انہوں نے کہا، " آنے والے وقتوں میں، یہ پلانٹ متعدد فیکٹریوں جیسے پیکجنگ، ٹیکسٹائل، آٹوموبائل، طبی آلات، اور بہت کچھ کی مدد کرے گا۔ ہندوستان تیزی سے مینوفیکچرنگ کا ایک بڑا مرکز بن رہا ہے۔ ملک AI اور سیمی کنڈکٹر کے شعبوں میں بھی تیزی سے ترقی کر رہا ہے۔ ایسی کوششوں کے لیے بہت زیادہ/1

## کولگام روڈ ایکسیڈنٹ، ایک شخص جاں بحق

### شناخت شاہنواز احمد راتھر قاضی گنڈ

سرینگر/ کے این ایس/ جنوبی کشمیر کے ضلع کولگام کے سوپٹ دیوسر علاقے میں بدھ کو سڑک حادثے میں جموں وکشمیر بینک کا ایک ملازم اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا جبکہ تین دیگر زخمی ہو گئے۔ اس دوران زخمی افراد کو فوری طور ہسپتال منتقل کیا گیا ہے پولیس نے اس حوالے سے ایک کیس درج کر کے مزید تحقیقات شروع کی ہے۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق عہدیداروں نے بتایا کہ متوفی کی شناخت/2





## نوشہرہ سیکٹر میں دراندازی کی کوشش ناکام، ایک درانداز ہلاک

### سانبہ کے مضافات میں مشکوک نقل وحرکت کے بعد تلاشی کارروائیاں جاری

سرینگر/ اے پی آئی/ نوشہرہ راجوری سیکٹر میں دراندازی کی کوشش ناکام، ایک درانداز ہلاک، سانبہ میں مشکوک نقل وحرکت کے بعد وسیع علاقہ محاصرے میں اور دونوں علاقوں میں تلاشی کارروائیاں بڑے پیمانے پر شروع کردی گئی۔ خطہ پیر پنچال کے نوشہرہ سیکٹر میں 10 مارچ کو دراندازی کی ایک کوشش ہوئی جسے وائٹ کارپس کے جوانوں نے فوری طور ناکام بنادیا۔ دفاعی ترجمان کے مطابق راجوری کے نوشہرہ سیکٹر میں علی الصبح نقل وحرکت محسوس کی گئی جس کے بعد داخلی اور خارجی راستے سیل کردیئے گئے۔ جدید ہتھیاروں سے لیس ملی ٹنٹوں کا ایک گروپ جب اس طرف آنے کیلئے دراندازی کررہا تھا اُسے للکارا گیا۔ جدید ہتھیاروں سے لیس ملی ٹنٹوں نے فوج پر گولیاں چلائیں۔ دفاعی ترجمان کے مطابق فوج نے بھی پوزیشن سنبھال کر جوابی کارروائی شروع کی۔ فریقین کے درمیان گولیوں کا تبادلہ کافی دیر تک جاری رہا اور فوج کی/4

## راجوری میں دراندازی کے دوران لشکر طیبہ کا اہم لانچنگ آپریٹو ہلاک

جموں/ یو این آئی/ لائن آف کنٹرول کے قریب راجوری کے نوشہرہ سیکٹر میں دراندازی کی ناکام کوشش کے دوران مارے گئے دہشت گرد کی شناخت لشکر طیبہ کے ایک اہم لانچنگ آپریٹو کے طور پر ہوئی ہے۔ فوج کے مطابق منگل کی سہ پہر تقریباً تین بجے جھنگڑ کے عام علاقے میں یہ دہشت گرد اپنے ایک ساتھی کے ساتھ سرحد پار سے چھپ کر داخل ہونے کی کوشش کر رہا تھا تاہم مستعد فوجی جوانوں نے اسے مار گرایا۔ فوجی ذرائع نے بتایا کہ ہلاک شدہ دہشت گرد کی/3

## ایران میں زیر تعلیم بھارتی طلبہ کی واپسی شروع ہوچکی ہے

### پہلا گروپ جمعرات کو آرمینیا سرحد کی جانب روانہ ہوگا

سرینگر/ یو این ایس/ ایران میں زیر تعلیم بھارتی طلبہ نے ملک میں بڑھتے ہوئے سکیورٹی خدشات کے پیش نظر واپسی کی تیاری شروع کردی ہے اور اطلاعات کے مطابق پہلا گروپ جمعرات کے روز آرمینیا کی سرحد کی جانب روانہ ہونے والا ہے جبکہ انخلا کے منصوبے بتدریج ترتیب دیے جا رہے ہیں۔ طلبہ کو فراہم کی گئی معلومات کے مطابق تہران یونیورسٹی آف میڈیکل سائنسز ایران یونیورسٹی آف میڈیکل سائنسز اور شہید بہشتی یونیورسٹی آف میڈیکل سائنسز میں زیر تعلیم طلبہ کو انخلا کے لیے دوراستے فراہم کیے گئے ہیں۔/5

## عدالت نے 2 ملزمان کی پولیس حراست میں توسیع کردی

نئی دہلی/ دہلی کی ایک عدالت نے بدھ کو لال قلعہ کے علاقے میں ہونے والے دھماکے کی سازش میں مبینہ طور پر ملوث دو دہشت گرد کارندوں کی حراست میں پوچھ گچھ کی مدت میں بدھ کو پانچ دن کی توسیع کردی۔ خصوصی جج پیتامبر دت نے ان کیمرہ کارروائی کرنے کے بعد ضمیر احمد آہنگر اور طفیل احمد بھٹ کی/6

## اب میدانِ جنگ ایک محاذ تک محدود نہیں رہا/ جنرل دویدی

### ’’آپریشن سندور‘‘ کے بعد بھارت دفاعی نہیں بلکہ پیشگی بازگشت کی حکمتِ عملی اپنا رہا ہے



سرینگر/ یو پی آئی/ بھارتی فوج کے سربراہ جنرل اوپندر دَویدی نے کہا ہے کہ ’’آپریشن سندور‘‘ سے حاصل ہونے والے اہم اسباق کے بعد بھارت اب روایتی ردِعمل کی پالیسی کے بجائے پیشگی بازگشت اور فعال دفاعی حکمتِ عملی اختیار کر رہا ہے، تاکہ بدلتی ہوئی فوجی ضروریات اور ممکنہ خطرات کا بروقت مقابلہ کیا جا سکے۔ حیدرآباد میں کالج آف ڈیفنس مینجمنٹ میں ’’اعلیٰ دفاعی انتظام‘‘ کے اکیسویں کورس سے خطاب کرتے ہوئے فوجی سربراہ نے کہا کہ بھارتی فوج ایک ایسے دور میں داخل ہو رہی ہے جہاں جدید ٹیکنالوجی، تیز تنظیمی ڈھانچہ اور خود انحصاری اس کی سب سے بڑی طاقت بن چکی ہے۔ جنرل دَویدی نے مستقبل کی جنگوں کے حوالے سے زور دیتے ہوئے کہا کہ اب میدانِ جنگ صرف ایک محاذ تک محدود نہیں رہا بلکہ ’’کثیرالجہتی کارروائیوں، معلوماتی جنگ، بغیر انسان کے چلنے والے نظام، اور ڈیٹا پر مبنی جنگی حکمتِ عملی‘‘ پر عبور/7

## پاکستانی خفیہ ایجنسی کیلئے جاسوسی کرنے والا شخص گرفتار

### 14 دن کی ریمانڈ حاصل کی گئی، مزید گرفتاریاں متوقع/ حکام

سرینگر/ اے پی آئی// کیرالہ میں نیوی کے لانس نائیک کو پاکستان کی خفیہ ایجنسی کیلئے کام کرنے کے الزام میں گرفتار کر کے اُسے پوچھ تاچھ شروع کردی گئی۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق انڈین نیوی کے لانس نائیک کو پاکستانی خفیہ ایجنسی (آئی ایس آئی) کیلئے کام کرنے کے الزام میں گرفتار کرلیا گیا۔ دفاعی ترجمان نے اس بات کی تصدیق کی کہ انڈین نیوی کے لانس نائیک ادرش کمار عرف لکی کو اُس وقت گرفتار کیا گیا جب وہ پاکستانی خفیہ ایجنسی آئی ایس آئی کے ہینڈلر کے ساتھ رابطے میں تھا اور اُسے خفیہ معلومات کی جانکاری فراہم کر رہا تھا اور اس دوران مذکورہ اہلکار کے بینک کھاتے میں پیسے بھی جمع کئے گئے۔ مذکورہ نیوی کے جوان کو گرفتاری کے بعد جوڈیشل مجسٹریٹ کے عدالت میں پیش کیا گیا جہاں اُسے 14 دن کی ریمانڈ دے دی گئی۔ مذکورہ اہلکار سے پوچھ تاچھ شروع کردی گئی، مزید گرفتاریوں کو خارج از امکان قرار نہیں دیا جاسکتا۔

## وادی میں پٹرول، ڈیزل اور ایل پی جی کے کافی ذخائر ہیں/ صوبائی کمشنر

### ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکیٹنگ کو روکنے کیلئے عوام سے تعاون کی اپیل



سرینگر/ کے این ایس/ صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے بدھ کے روز بتایا کہ وادی میں پٹرول، ڈیزل اور ایل پی جی کے کافی ذخائر ہیں جو ایک پندرہ دن سے زائد عرصے تک چل سکتے ہیں۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) سے بات کرتے ہوئے ڈویژنل کمشنر نے تصدیق کی کہ پٹرول اور ڈیزل کی مقدار 15 دنوں سے زیادہ کے لئے موجود ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ فوڈ اینڈ سول سپلائی ڈپارٹمنٹ نے تقریباً 13 دنوں کے لیے ایل پی جی کے کافی اسٹاک کی اطلاع دی ہے، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ اشیائے ضروریہ کی سپلائی بلا تعطل رہے گی۔ گرگ نے کہا، "ہمارے پاس پٹرول اور ڈیزل کا سٹاک 15 دنوں سے زیادہ ہے۔ اسٹاک کی پوزیشن کو کنٹرول روم کے ذریعے مسلسل مانیٹر کیا جا رہا ہے۔ اس وقت گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔/8

## کشتواڑ کی آگ میں میونسپل کونسل کی عمارت اور دو مکان نذر آتش

### ضلع پولیس اور مقامی لوگوں کی مدد سے آگ کو مزید پھیلنے سے روک دیا گیا

جموں/ یو این آئی/ جموں وکشمیر کے ضلع کشواڑ میں دوران شب آتشزدگی کے ایک ہولناک واقعے میں میونسپل کونسل دفتر کی عمارت اور دو رہائشی مکان خاکستر ہو گئے۔ ذرائع نے بتایا کہ کشتواڑ قصبے میں دوران شب میونسپل کونسل دفتر کی عمارت سے آگ نمودار ہوئی جس نے چشم زدن میں پوری عمارت کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ انہوں نے کہا کہ آگ کے شعلوں نے متصل واقع دو رہائشی مکانوں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ محکمہ فائر اینڈ ایمرجنسی کے ایک عہدیدار نے بتایا کہ آتشزدگی کے بارے میں اطلاع موصول ہونے کے بعد تین فائر ٹنڈرس کو جائے موقع پر بھی دیا گیا جنہوں نے ضلع پولیس اور مقامی لوگوں کی مدد سے آگ کو مزید پھیلنے سے روک دیا۔ انہوں نے کہا کہ فوج، سی آر پی ایف، ریڈ کراس، مقامی این جی اوز کے بھرپور تعاون سے آگ کو قابو میں کرلیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اس واقعے میں تینوں عمارتوں کو شدید نقصان پہنچا۔ ان کا کہنا تھا کہ آگ لگنے کی وجوہات معلوم کی جا رہی ہیں۔ دریں اثنا پولیس نے اس ضمن میں کیس درج کر کے کارروائیاں شروع کی ہیں۔

## نئی دہلی کے دوارکا اور ممبئی میں نئے جے اینڈ کے ہاؤس قائم کرنے کے منصوبوں کا جائزہ

### طلبا، مریضوں اور زائرین کیلئے سہولیات کی توسیع اور جدید سازی کی تجاویز پر تبادلہ خیال/ وزیر اعلیٰ



نئی دہلی/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ہندوستان کے اہم شہروں میں جموں وکشمیر کی ادارہ جاتی موجودگی کو مضبوط کرنے کی ایک عظیم الشان کوشش میں آج نئی دہلی کے دوارکا اور ممبئی میں نئے جے اینڈ کے ہاؤس قائم کرنے کے منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا جبکہ متعدد ریاستوں اور یوٹیز میں موجودہ سرکاری املاک کی وسیع پیمانے پر تزئین و آرائش اور بحالی کا کام بھی شروع کیا جا رہا ہے۔ اُنہوں نے یہاں ایک اعلیٰ سطحی جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے زور دیا کہ تمام نئے اور بحال کئے جانے والے جے اینڈ کے ہاؤسز میں جموں وکشمیر کی امیر ثقافتی وراثت اور منفرد شناخت کو نمایاں کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ نے جے اینڈ کے کے ریذیڈنٹ کمشنر کے زیر انتظام متعدد بنیادی ڈھانچے منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے کہا، ’’اس بات کو یقینی بنائیں کہ نئی تعمیرات اور موجودہ املاک کی ازسر نو تعمیر میں جموں وکشمیر/9

## سپاہی اکشیت شرما کو خراجِ عقیدت پیش

### وائٹ نائٹ کارپن کی طرف سے

جموں/ یو این آئی/ فوج کی وائٹ نائٹ کارپس کے جنرل آفیسر کمانڈنگ سمیت تمام افسران و اہلکاروں نے آج سپاہی اکشیت شرما کو خراجِ عقیدت پیش کیا، جو 10 مارچ 2026 کو ایک تربیتی مشق کے دوران وطن کی خدمت کرتے ہوئے شہید ہو گئے تھے۔ فوجی ترجمان کے مطابق سپاہی اکشیت شرما کی شہادت ایک عظیم قربانی ہے، جسے فوج ہمیشہ احترام کے ساتھ یاد رکھے گی۔ فوجی افسران نے کہا کہ تربیتی مشقیں جنگی حالات کی تیاری کا اہم حصہ ہوتی ہیں اور ان میں جانے والے جوان اپنی بہادری، لگن اور فرض شناسی کا بھرپور ثبوت دیتے ہیں۔ وائٹ نائٹ کی جانب/10

## راجستھان میں زیرِ حراست 17 کشمیری نرسنگ طلبہ رہا کردیے گئے

### میواڑ یونیورسٹی کے بی ایس سی نرسنگ کورس کی منظوری پر تنازع

سرینگر/ یو این ایس/ راجستھان کی میواڑ یونیورسٹی میں زیر تعلیم 17 کشمیری نرسنگ طلبہ کو دو روز تک چتوڑ گڑھ کی سب ڈسٹرکٹ جیل میں حراست میں رکھنے کے بعد بدھ کے روز رہا کر دیا گیا۔ طلبہ کو اس وقت حراست میں لیا گیا تھا جب یونیورسٹی کیمپس میں بی ایس سی نرسنگ کورس کی منظوری کے معاملے پر کشیدگی پیدا ہو گئی تھی۔ اطلاعات کے مطابق طلبہ نے الزام عائد کیا تھا کہ یونیورسٹی کی جانب سے پیش کیا جانے والا بی ایس سی نرسنگ پروگرام راجستھان نرسنگ کونسل کی لازمی منظوری کے بغیر چلایا جا رہا ہے، جس کے بعد معاملہ شدت اختیار کر گیا اور طلبہ کو حراست میں لے لیا گیا۔ یو این ایس کے مطابق اس واقعے نے پروگرام میں زیر تعلیم کئی طلبہ کے تعلیمی مستقبل کے حوالے سے خدشات کو جنم دیا ہے، خاص طور پر ایسے طلبہ کے لیے جو اپنی تعلیم کے آخری سال میں ہیں۔ طلبہ کے مطابق انہوں نے تعلیمی سال 23-2022 کے دوران جموں وکشمیر اسپیشل اسکالرشپ اسکیم کے تحت اس نرسنگ پروگرام میں داخلہ لیا تھا۔ تاہم بعد میں یہ انکشاف ہوا کہ مبینہ طور پر اس کورس کو راجستھان نرسنگ کونسل سے لازمی منظوری حاصل نہیں ہے۔ طلبہ نے بتایا/12

## جموں میں ڈاکٹر فاروق عبداللہ کو قتل کرنے کی کوشش ناکام

### حملہ آور گرفتار، نائب وزیر اعلیٰ معمولی زخمی، تحقیقات شروع



جموں/ یو این آئی/ جموں کے گریٹر کالاش علاقے میں اُس وقت خوف و ہراس پھیل گیا جب بدھ کی شام ایک شادی کی تقریب کے دوران ایک شخص نے فاروق عبداللہ پر پستول سے فائرنگ کی تاہم غنیمت یہ رہی ہے کہ گولی کسی کو نہیں لگی۔ فائرنگ کے اس واقعے میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری معمولی زخمی ہوئے ہیں۔ واقعہ رائل پارک کے نزدیک پیش آیا جہاں شادی کی تقریب جاری تھی۔ جیسے ہی گولی کی آواز سنائی دی، وہاں موجود حفاظتی اہلکاروں نے فوری حرکت میں آتے ہوئے حملہ آور کو قابو میں کرلیا اور اسے موقع پر ہی گرفتار کرلیا۔ سی سی ٹی وی فوٹیج جو کہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر شیئر کی ہے صاف دیکھا جاسکتا ہے کہ ایک شخص پیچھے سے آ کر ڈاکٹر فاروق عبداللہ پر نزدیک سے گولی چلا رہے ہیں تاہم غنیمت یہ رہی ہے کہ گولی فاروق عبداللہ کو نہیں لگی اور اس طرح وہ بال بال بچ گئے۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق حملہ آور کی/11

## وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا سوال

### زیڈ سیکورٹی کے باوجود ایک شخص فاروق عبداللہ کے نزدیک کیسے پہنچا

جموں/ یو این آئی/ نیشنل کانفرنس کے صدر اور سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر فاروق عبداللہ پر بدھ کے روز جموں میں ایک شادی کی تقریب کے دوران ہونے والا قاتلانہ حملہ محض ایک بال برابر کے فاصلے سے ناکام ہوا۔ حملہ آور پستول سمیت انتہائی قریب تک پہنچنے میں کامیاب ہوا اور فائر بھی کیا، تاہم گولی کسی کو نہ لگی۔ اس حملے کے بعد صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایک سنجیدہ سوال اٹھایا ہے کہ زیڈ سیکورٹی اور این ایس جی کی سخت حفاظتی پرت کے باوجود ایک شخص پستول لے کر فاروق عبداللہ کے نزدیک کیسے پہنچا۔؟

